Date ..........

(۴۶/۱)

## مشق نمبر ۴۶

### (فعل نہی ۔ فعل مضارع مجزوم)

| | جنس | واحد | تثنیہ | جمع |
|---|---|---|---|---|
| غائب | مذکر | لَا یَکْتُبْ اُسے چاہیے کہ وہ مذکر نہ لکھے | لَا یَکْتُبَا اُن دونوں کو چاہیے کہ نہ لکھیں | لَا یَکْتُبُوْا اُن سب کو چاہیے کہ نہ لکھیں |
| | مؤنث | لَا تَکْتُبْ اُسے چاہیے کہ وہ مؤنث نہ لکھے | لَا تَکْتُبَا اُن دونوں کو چاہیے کہ نہ لکھیں | لَا یَکْتُبْنَ اُن سب کو چاہیے کہ نہ لکھیں |
| حاضر | مذکر | لَا تَکْتُبْ تجھے چاہیے کہ تو نہ لکھے | لَا تَکْتُبَا تم دونوں کو چاہیے کہ نہ لکھو | لَا تَکْتُبُوْا تم سب کو چاہیے کہ نہ لکھو |
| | مؤنث | لَا تَکْتُبِیْ تجھے چاہیے کہ تو نہ لکھے | لَا تَکْتُبَا تم دونوں کو چاہیے کہ نہ لکھو | لَا تَکْتُبْنَ تم سب کو چاہیے کہ نہ لکھو |
| مذکر مؤنث | مُتکلم | لَا أَکْتُبْ مجھے چاہیے کہ میں نہ لکھوں | لَا نَکْتُبْ ہمیں چاہیے کہ دونوں نہ لکھیں | لَا نَکْتُبْ ہم سب کو چاہیے کہ نہ لکھیں |

Samra Khalil Uppal

اُردو میں ترجمہ کریں۔

Date ..............................

(۳۶/۲)

١ لَا تَحْزَنْ اِنَّ اللّٰهَ مَعَنَا.

لائے نہی فعل مضارع مجزوم (اَنْتَ) حرف مُشبہ بالفعل اسمِ اِنَّ منصوب + خبرِ اِنَّ (ظرف مضاف الیہ)

.جملہ فعلیہ ناہیہ . .جملہ اِسمیہ

تو غم نہ کر، یقیناً اللہ ہمارے ساتھ ہے.

٢ وَ لَا تَقْرَبُوْا الْفَوَاحِشَ

حرف عطف لائے نہی فعل مضارع مجزوم (اَنْتُمْ) + اسم منصوب مفعول بہ = جملہ فعلیہ ناہیہ.

اور تم سب بے حیائی کے قریب نہ ہو / جاؤ.

٣ وَ لَا يَحْزُنْكَ قَوْلُهُمْ

حرف عطف لائے نہی مضارع مجزوم + ضمیر مفعول بہ + (مرکبِ اِضافی) مرفوع فاعل = جملہ فعلیہ ناہیہ

اور اُن کی کوئی بات تجھے غمگین نہ کرے.

٤ اِذْهَبْ بِكِتٰبِيْ هٰذَا

فعل مضارع مجزوم (اَنْتَ) + جر (مرکبِ اضافی + اشارہ) مجرور متعلق فعل = جملہ فعلیہ امر

تو میری اِس کتاب کے ساتھ جا.

Samra Khalil Uppal

(٤٦/٣)

Date ..............................

٥ يَآ أَيَّتُهَا النَّفْسُ الْمُطْمَئِنَّةُ !

حرف ندا | کلمۂ ندا | (اسم مرفوع موصوف + صفت) منادی معرفہ.

اے مطمئن جان!

اِرْجِعِيْٓ اِلٰى رَبِّكِ

فعل مضارع مجزوم امر (اَنْتِ) + جر + (مرکب اضافی) مجرور. متعلق فعل = جملہ فعلیہ امر

تو اپنے رب کی طرف لوٹ جا.

٦ وَ لَا تَاْكُلُوْا مِمَّا يُذْكَرِ اسْمُ اللّٰهِ عَلَيْهِ

حرف عطف | لائے نہی | فعل مضارع مجزوم (انتم) | جر + (موصولہ + صلہ (جملہ فعلیہ) مجرور - (شبہ جملہ) | مِنْ + مَا | فعل مضارع مجہول + نائب الفاعل (مرکب اضافی) + جر مجرور متعلق فعل

جملہ فعلیہ ناہیہ.

اور تم سب اسکو جس پر اللہ کا نام نہ پڑھا گیا ہو، نہ کھاؤ.

٧ وَ لَا تَحْسَبَنَّ اللّٰهَ غَافِلًا عَمَّا يَعْمَلُ الظّٰلِمُوْنَ.

عَنْ + مَا

حرف عطف | لائے نہی | فعل مضارع مجزوم (انت) + | منصوب مفعول بہ ١ + | منصوب مفعول بہ ٢ + | جر موصولہ + صلہ (مجرور) (جملہ فعلیہ) متعلق فعل | (فعل مضارع + اسم مرفوع) صلہ = جملہ فعلیہ ناہیہ

اور تم سب اللہ کو بے خبر گمان نہ کرو (اُس سے) جو وہ ظالم کرتے ہیں.

Date ..............................

(۴۶/۴)

۸ وَ لَا تَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ قُتِلُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ اَمْوَاتًا

حرف عطف | لائے نہی | فعل مضارع مجزوم + نّ (اَنْتَ) + | اسم موصولہ + | فعل ماضی مجہول - (ھُمْ) + صلہ ← جملہ فعلیہ ) (مفعول بہ) | جر+ مجرور (مرکب اِضافی) + متعلق فعل + | اِسم منصوب مفعول بہ

جملہ فعلیہ ناہیہ.

اور وہ لوگ جو اللہ کے راستے میں قتل کیے گئے اُن کو ہرگز مُردہ گمان نہ کرنا.

بَلْ أَحْيَاءٌ عِنْدَ رَبِّهِمْ يُرْزَقُوْنَ.

حرفِ عطف اِضراب + ھُمْ + | اِسم مرفوع خبر + | ظرف + مضاف الیہ متعلق خبر | فعل مضارع مجہول نائب الفاعل ھُمْ

جملہ اِسمیہ. جملہ فعلیہ

بلکہ وہ زندہ ہیں، اپنے رب کے پاس سے رزق دیے جاتے ہیں.

۹ يَا بَنِيَّ لَا تَدْخُلُوْا مِنْ بَابٍ وَّاحِدٍ

حرف ندا + | بَنِيْنَ+ يِ مرکبِ اِضافی منادیٰ + | لائے نہی | فعل مضارع مجزوم + (انتم) + | جر + مجرور (مرکبِ توصیفی) متعلق فعل

جملہ فعلیہ ناہیہ.

اے میرے بیٹو! تم سب کسی ایک دروازے سے داخل نہ ہونا

وَ ادْخُلُوْا مِنْ اَبْوَابٍ مُّتَفَرِّقَةٍ

حرف عطف | فعل امر مجزوم + (انتم) | جر+ مجرور (مرکبِ توصیفی)

جملہ فعلیہ اَمریہ

اور تم سب کچھ مختلف دروازوں سے داخل ہو

Samra Khalil Uppal

Date ..........................

(۳۶/۵)

۱۰ إِنَّمَا الْمُشْرِكُوْنَ نَجَسٌ فَلَا يَقْرَبُوْا الْمَسْجِدَ الْحَرَامَ

کلمۂ حصر | اسم مرفوع معرفہ + نکرہ | حرف عطف | لائے نہی | فعل مضارع مجزوم + (ھُمْ) | مرکب توصیفی مفعول بہ

مبتداء + خبر (جملہ اسمیہ)

جملہ فعلیہ ناہیہ

بَعْدَ عَامِهِمْ هٰذَا.

ظرف + (مضاف الیہ + اشارہ) = متعلق فعل

مُشرکین تو فقط ناپاک ہیں، تو انہیں چاہیے کہ اپنے اس سال کے بعد مسجد الحرام کے قریب نہ ہوں۔

عربی میں ترجمہ کریں۔

۱ تم دونوں یہاں نہ کھیلو بلکہ میدان میں کھیلو

فاعل + مفعول فیہ + فعل نہی + عطف + متعلق فعل + فعل امر

Qamra Khalil Uppal

لَا تَلْعَبَا هٰهُنَا بَلِ الْعَبَا فِي الْمَيْدَانِ

جملہ فعلیہ ناہیہ | عطف | جملہ فعلیہ امر

تاکہ ہم پڑھ سکیں۔

لامِ کئی فعل مضارع منصوب

جملہ فعلیہ تعلیلیہ

لِنَقْرَءَ.

Date ..............................

(۴۶/۶)

۲ اے دربان! دروازہ کھول تاکہ ہم سکول میں داخل ہو سکیں۔

حرفِ نِدا + مُنادٰی مفعول بہٖ فعل امر لامِ کَیْ فاعل + متعلق فعل + فعل مضارع منصوب

جملہ فعلیہ امر · جملہ فعلیہ تعلیلیہ

يَا بَوَّابُ! اِفْتَحِ الْبَابَ لِنَدْخُلَ فِي الْمَدْرَسَةِ.

۳ تُو سبق اچھی طرح یاد کر تاکہ تو کل شرمندہ نہ ہو۔

فاعل + مفعول بہٖ + متعلق فعل + فعل امر لامِ کَیْ + فاعل + مفعول فیہ + فعل مضارع منصوب

جملہ فعلیہ امر · جملہ فعلیہ تعلیلیہ

اِحْفَظِ الدَّرْسَ بِالْإِحْسَانِ لِئَلَّا تَنْدَمَ غَدًا.

۴ تم لوگ کھیلو مت بلکہ اپنا سبق یاد کرو۔

فاعل + فعل مضارع نہی حرفِ عطف + مفعول بہٖ (مرکبِ اضافی) + فعل امر مجزوم

جملہ فعلیہ ناہیہ · جملہ فعلیہ امر

لَا تَلْعَبُوْا بَلْ اِحْفَظُوْا دَرْسَكُمْ.

Samra Khalil Uppal

۵ اُن سب کو چاہیے کہ وہ قرآن مجید پڑھیں۔

فاعل + فاعل + مفعول بہٖ + فعل امر مجزوم

جملہ فعلیہ امر

لِيَقْرَءُوْا الْقُرْآنَ الْمَجِيْدَ.

Date ..............................

(۳۶/۷)

اور اُس کو یاد کریں پھر اُس پر عمل کریں۔

حرف عطف مفعول بہٖ (ضمیر) + فعل امر ۳ حرف عطف + متعلق فعل + فعل امر ۳ مجزوم

جملہ فعلیہ اَمر — جملہ فعلیہ اَمر

وَ لْيَحْفَظُوْا فَلْيَعْمَلُوْا عَلَيْهِ.

## قرآنی مثالیں

۱ وَ لَا تَلْبِسُوْا الْحَقَّ بِالْبَاطِلِ (البقرة: ۴۲)

حرف عطف لائے نہی + فعل مضارع مجزوم (انتم) + مفعول بہٖ + جر مجرور متعلق فعل

جملہ فعلیہ ناہیہ

اور تم سچ کو جھوٹ سے نہ ملاؤ۔

Samra Khalil Uppal

۲ وَ لَا تَكُوْنَنَّ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ (الانعام: ۱۴)

حرف عطف لائے نہی + فعل مضارع مجزوم + (اَنْتَ) جر مجرور متعلق فعل

جملہ فعلیہ ناہیہ

اور تم مشرکوں میں سے ہرگز نہ ہو جانا۔

Date ..................

(۳۶/۸)

۳ وَ اشْکُرُوْا لِیْ وَ لَا تَکْفُرُوْنِ (البقرۃ، ۱۵۲)

حرف عطف | فعل مضارع امر مجزوم | جر مجرور | حرف عطف | لائے نہی | تکفروا + نی

(انتم) + متعلق فعل — فعل مضارع مجزوم + ضمیر (مفعول بہ)

جملہ فعلیہ امر. — جملہ فعلیہ ناہیہ.

اور تم سب میرا شکر ادا کرو، اور تم سب میری ناشکری نہ کرو.

۴ لَا تَجْعَلْ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ (بنی اسرائیل: ۲۲)

لائے نہی + فعل مضارع مجزوم + ظرف مضاف الیہ + مرکب توصیفی

(اَنْتَ) + متعلق فعل + مفعول بہ

جملہ فعلیہ ناہیہ.

تو اللہ کے ساتھ کوئی دوسرا معبود نہ بنا.

Samra Khalil Uppal

۵ تِلْكَ حُدُوْدُ اللّٰهِ فَلَا تَقْرَبُوْهَا (البقرہ، ۱۸۷)

اسم اشارہ معرفہ + (مرکب اضافی) حرف عطف لائے نہی فعل مضارع مجزوم + ضمیر

مبتداء + خبر — (انتم) + مفعول بہ

جملہ اسمیہ. — جملہ فعلیہ ناہیہ.

وہ اللہ کی قائم کردہ حدیں ہیں تو تم اُنکے قریب نہ جاؤ.

Date ..............................

(۳۶/۹)

٦ قَالَ قَآئِلٌ مِّنْهُمْ لَا تَقْتُلُوْا يُوْسُفَ (یوسف: ۱۰)

فعل ماضی اسم مرفوع جر مجرور لائے نہی فعل مضارع مجزوم (اسم منصوب) مفعول بہ

فاعل + متعلق فعل (جملہ فعلیہ ناہیہ) مقول.

جملہ فعلیہ.

اُن میں سے کسی کہنے والے نے کہا، تم یوسفؑ کو قتل نہ کرو.

٧ لَا تُسْئَلُ عَنْ أَصْحٰبِ الْجَحِيْمِ (البقرۃ: ۱۱۹)

حرف نفی + فعل مضارع مجہول (اَنْتَ) جر (مرکب اضافی) مجرور + متعلق فعل.

جملہ فعلیہ نافیہ.

تم دوزخ والوں کے بارے میں سوال نہیں کیے جاؤ گے.

Samra Khalil Uppal

٨ وَ لٰكِنَّ أَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَشْكُرُوْنَ (البقرہ: ۲۴۳)

حرف عطف حرف مشبہ بالفعل (مرکب اضافی) منصوب اسمِ لٰکِنَّ + حرف نفی + فعل مضارع + ھُمْ (جملہ فعلیہ نافیہ) خبرُ لٰکِنَّ

جملہ اسمیہ.

اور لوگوں میں سے اکثر شکر ادا نہیں کرتے.

Date ..............................

(۳۶/۱۰)

۹ وَ لَا تَنْكِحُوْا مَا نَكَحَ اٰبَآؤُكُمْ مِّنَ النِّسَآءِ (النساء: ۲۲)

حرف عطف | لائے نہی | فعل مضارع مجزوم (انتم) | اسم موصولہ | فعل ماضی | مرکب اضافی (فاعل) | جر مجرور (متعلق فعل)

موصولہ + صلہ = مفعول بہ

جملہ فعلیہ ناہیہ

اور تم نکاح نہ کرو اُن سے جن سے تمہارے باپوں نے نکاح کیا۔

۱۰ وَ لَا تَكُوْنُوْا كَالَّذِيْنَ قَالُوْا سَمِعْنَا وَ هُمْ لَا يَسْمَعُوْنَ۔

حرف عطف | لائے نہی | فعل مضارع مجزوم (انتم) | جر | اسم موصولہ | فعل ماضی (هُمْ) | فعل ماضی (نحن) مقولہ | واؤ حالیہ | ضمیر مبتداء | نفی + فعل مضارع (هُمْ) جملہ نافیہ خبر

موصولہ + صلہ

جملہ فعلیہ امر

(حال) جملہ اِسمیہ

اور تم سب اُن لوگوں کی مانند نہ ہو جانا، جنہوں نے کہا کہ ہم نے سُنا حالانکہ وہ نہیں سُنتے۔

۱۱ فَلَا تَجْعَلُوْا لِلّٰهِ اَنْدَادًا وَّ اَنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ (البقرہ: ۲۲)

حرف عطف | لائے نہی | فعل مضارع مجزوم (انتم) | جر مجرور متعلق | اِسم منصوب مفعول بہ | واؤ حالیہ | ضمیر منفصل مبتداء | فعل مضارع (انتم) خبر (جملہ فعلیہ)

(انتم) + فعل + متعلق + مفعول بہ

جملہ فعلیہ ناہیہ

جملہ اِسمیہ (حال - فاعل)

تو تم اللہ کے ساتھ کوئی شریک نہ بناؤ، حالانکہ تم جانتے ہو۔

Samra Khalil Uppal

Date ..................

(٣٦/١١)

١٢ وَ اعْبُدُوا اللّٰہَ وَ لَا تُشْرِکُوْا بِہٖ شَیْئًا (النساء : ٣٦)

حرف عطف | فعل مضارع مجزوم بوجہ امر (انتم) + بہٖ | اسم منصوب مفعول | حرف عطف | حرف نہی | فعل مضارع مجزوم (انتم) | جر مجرور | اسم منصوب

(انتم) + متعلق فعل + مفعول مطلق

. جملہ فعلیہ امر

. جملہ فعلیہ ناہیہ

اور تم سب اللہ کی بندگی کرو اور اُس کے ساتھ کسی چیز کو شریک نہ بناؤ۔

١٣ قَالَ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا لَا تَسْمَعُوْا لِھٰذَا الْقُرْاٰنِ (حٰمٓ السجدہ : ٢٦)

فعل ماضی | اسم (موصولہ + صلہ) فاعل | فعل ماضی (ھُمْ) | لائے نہی + فعل مضارع مجزوم (انتم) + متعلق فعل | جر (اشارہ + ) مجرور مشار الیہ

(جملہ فعلیہ ناہیہ) مقول۔

. جملہ فعلیہ

کہا اُن لوگوں نے جنہوں نے کُفر کیا، تم (سب) اِس قرآن کو مت سنو۔

Samra Khalil Uppal